F. 6-4 (Edit) /2019 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 22/04/2019

ہندوستان کی تہذیبی پہچان کے طور پر اردو زبان کو پوری دنیا میں متعارف کرانے کی ضرورت: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

ابوظہبی کتاب میلے اور ثقافتی تقریبات میں قومی اردو کونسل کی باوقار شرکت

نئی دہلی: دنیا کے سب سے بڑے اردو ادارے کی حیثیت سے قومی اردو کونسل کی شناخت مستحکم ہوچکی ہے۔ اب اس ادارے کی سرگرمیاں صرف ہندوستان تک محدود نہیں ہیں بلکہ دنیا کے بیشتر ممالک سے کسی نہ کسی طور پر اس کا رابطہ قائم ہے۔ مجلّات اور مطبوعات کی سطح پر قومی اردو کونسل پوری اردو دنیا سے جڑی ہوئی ہے۔ اس لیے یہ کہنے میں کوئی حرج نہیں کہ اردو ہے جہاں قومی اردو کونسل ہے وہاں۔ ان خیالات کا اظہار قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ اردو ہندوستان کی زبان ہی نہیں یہاں کی تہذیبی پہچان بھی ہے۔ قومی اردو کونسل پوری دنیا میں اردو کے سفیر کی حیثیت سے یہاں کی تہذیبی پہچان اردو زبان کو پوری دنیا میں متعارف کرائے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ قومی اردو کونسل دنیا بھر میں پھیلی ہوئی اردو برادری سے رابطہ قائم کرنے کی کوشش کرے گی۔ ابوظہبی کتاب میلے میں قومی اردو کونسل کی شرکت اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ قومی اردو کونسل کی تاریخ میں پہلی بار کسی بیرونی ملک میں قومی اردو کونسل کے زیر اہتمام ادبی تقریبات کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ واضح رہے کہ متحدہ عرب امارات کے دارالحکومت ابوظہبی میں 24 تا 30 اپریل 2019 تک کتاب میلے میں 'مہجری شعرا کی محفل شعروسخن' اور 'محفل افسانہ' کے عنوان سے تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔ 26 اپریل کی شام کو محفل شعروسخن میں مہجری شعرا — اعجاز شاہین، سرور نیپالی، شاداب الفت، جاوید صدیق اعظمی، یحییٰ بھوجپوری، سروش آصف، مادھونور، شہباز شمسی، موسیٰ ملیح آبادی، ناصر نعیم، نیہا شرما اور ترنم احمد کے علاوہ عرب نژاد شاعر زبیر احمد فاروق جہاں اپنے کلام سے سامعین کو محظوظ کریں گے وہیں 27 اپریل کی شام محفل افسانہ میں: ملند ونود، نتن اپادھیائے، شاداب الفت، نیہا شرما، اصغر کمال، سالم ژیڈ خان اپنے افسانے سنائیں گے۔ محفل افسانہ کی صدارت بزرگ افسانہ نگار جناب رتن سنگھ فرمائیں گے۔

ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے کہا کہ اس کتاب میلے کا افتتاح متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زاید النہیان اور متحدہ عرب امارات میں ہندوستان کے سفیر مشترکہ طور پر کریں گے۔ نیشنل بک ٹرسٹ انڈیا اس میلے میں نوڈل ایجنسی کے طور پر شرکت کررہی ہے جس میں پوری دنیا کے اہم اشاعتی ادارے مختلف موضوعات پر اپنی مطبوعات کے ساتھ شرکت کریں گے۔ اس موقعے پر 'ہندی اردو پنجابی ساجھی وراثت' کے عنوان سے ایک سمپوزیم بھی منعقد کیا جائے گا جس میں قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر بطور خاص شریک ہوں گے۔ متحدہ عرب امارات کی سماجی تنظیم 'بزمِ اردو' کی جانب سے قومی اردو کونسل اور این بی ٹی کے سربراہان کے اعزاز میں 25 اپریل کی شام کو ایک ادبی تقریب کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔

(رابطہ عامہ سیل)